वक्फ़ान्न / हि

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 24
Number of Pages in Booklet : 24
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 150
No. of Questions in Booklet : 150

# ALP-23

इस प्रश्न-पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए । Do not open this Question Booklet until you are asked to do so.

प्रश्न-पुस्तिका संख्या व बारकोड/
Question Booklet No. & Barcode

299805

Paper Code : 57

## Sub : Urdu-I
## Paper-I

**समय : 03 घण्टे + 10 मिनट अतिरिक्त***
**Time : 03 Hours + 10 Minutes Extra***

**अधिकतम अंक : 75**
**Maximum Marks : 75**

प्रश्न-पुस्तिका के पेपर की सील/पॉलिथीन बैग को खोलने पर प्रश्न-पत्र हल करने से पूर्व परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि :
- प्रश्न-पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर अंकित बारकोड संख्या समान है ।
- प्रश्न-पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक के सभी पृष्ठ व सभी प्रश्न सही मुद्रित हैं । समस्त प्रश्न, जैसा कि ऊपर वर्णित है, उपलब्ध हैं तथा कोई भी पृष्ठ कम नहीं है/ मुद्रण त्रुटि नहीं है ।

किसी भी प्रकार की विसंगति या दोषपूर्ण होने पर परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न-पत्र प्राप्त कर लें । यह सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी स्वयं अभ्यर्थी की होगी । परीक्षा प्रारम्भ होने के 5 मिनट पश्चात् ऐसे किसी दावे/आपत्ति पर कोई विचार नहीं किया जायेगा ।

**On opening the paper seal/polythene bag of the Question Booklet before attempting the question paper, the candidate should ensure that :**
- **Question Booklet Number and Barcode Number of OMR Answer Sheet are same.**
- **All pages & Questions of Question Booklet and OMR Answer Sheet are properly printed. All questions as mentioned above are available and no page is missing/misprinted.**

**If there is any discrepancy/defect, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this. No claim/objection in this regard will be entertained after five minutes of start of examination.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. **प्रत्येक प्रश्न के लिये एक विकल्प भरना अनिवार्य है ।**
2. **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं ।
3. प्रत्येक प्रश्न का मात्र **एक** ही उत्तर दीजिए । एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा ।
4. **OMR** उत्तर-पत्रक इस प्रश्न-पुस्तिका के अन्दर रखा है । जब आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर-पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल पॉइंट पेन** से विवरण भरें ।
5. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें । गलत रोल नम्बर भरने पर परीक्षार्थी स्वयं उत्तरदायी होगा ।
6. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा** । गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है ।
7. **प्रत्येक प्रश्न के पाँच विकल्प दिये गये हैं, जिन्हें क्रमश: 1, 2, 3, 4, 5 अंकित किया गया है । अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले (बबल) को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल पॉइंट पेन से गहरा करना है ।**
8. **यदि आप प्रश्न का उत्तर नहीं देना चाहते हैं तो उत्तर-पत्रक में पाँचवें (5) विकल्प को गहरा करें । यदि पाँच में से कोई भी गोला गहरा नहीं किया जाता है, तो ऐसे प्रश्न के लिये प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा ।**
9.* **प्रश्न-पत्र हल करने के उपरांत अभ्यर्थी अनिवार्य रूप से ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक जाँच लें कि समस्त प्रश्नों के लिये एक विकल्प (गोला) भर दिया गया है । इसके लिये ही निर्धारित समय से 10 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है ।**
10. **यदि अभ्यर्थी 10% से अधिक प्रश्नों में पाँच विकल्पों में से कोई भी विकल्प अंकित नहीं करता है, तो उसको अयोग्य माना जायेगा ।**
11. मोबाइल फोन अथवा अन्य किसी इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है । यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी ।

**चेतावनी :** अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज करते हुए **राजस्थान सार्वजनिक परीक्षा (भर्ती में अनुचित साधनों की रोकथाम अध्युपाय) अधिनियम, 2022 तथा अन्य प्रभावी कानून एवं आयोग के नियमों-प्रावधानों** के तहत कार्यवाही की जायेगी । साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है ।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. **It is mandatory to fill one option for each question.**
2. All questions carry equal marks.
3. Only one answer is to be given for each question. If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
4. The **OMR** Answer Sheet is inside this Question Booklet. When you are directed to open the Question Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **Blue Ball Point Pen** only.
5. Please correctly fill your Roll Number in **OMR** Answer Sheet. Candidate will themself be responsible for filling wrong Roll No.
6. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question.
7. **Each question has five options marked as 1, 2, 3, 4, 5. You have to darken only one circle (bubble) indicating the correct answer on the Answer Sheet using BLUE BALL POINT PEN.**
8. **If you are not attempting a question then you have to darken the circle '5'. If none of the five circles is darkened, one third (1/3) part of the marks of question shall be deducted.**
9.* **After solving question paper, candidate must ascertain that he/she has darkened one of the circles (bubbles) for each of the questions. Extra time of 10 minutes beyond scheduled time, is provided for this.**
10. **A candidate who has not darkened any of the five circles in more than 10% questions, shall be disqualified.**
11. Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt as per rules.

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would liable to be prosecuted under **Rajasthan Public Examination (Measures for Prevention of Unfair Means in Recruitment) Act, 2022 & any other laws applicable and Commission's Rules-Regulations.** Commission may also debar him/her permanently from all future examinations.

उत्तर-पत्रक में दो प्रतियाँ हैं – मूल प्रति और कार्बन प्रति । परीक्षा समाप्ति पर परीक्षा कक्ष छोड़ने से पूर्व परीक्षार्थी उत्तर-पत्रक की दोनों प्रतियाँ वीक्षक को सौंपेंगे, परीक्षार्थी स्वयं कार्बन प्रति अलग नहीं करें । वीक्षक उत्तर-पत्रक की मूल प्रति को अपने पास जमा कर, कार्बन प्रति को मूल प्रति से कट लाइन से मोड़ कर सावधानीपूर्वक अलग कर परीक्षार्थी को सौंपेंगे, जिसे परीक्षार्थी अपने साथ ले जायेंगे । परीक्षार्थी को उत्तर-पत्रक की कार्बन प्रति चयन प्रक्रिया पूर्ण होने तक सुरक्षित रखनी होगी एवं आयोग द्वारा माँगे जाने पर प्रस्तुत करनी होगी ।

**57-□**

1. "نواحِ دہلی کی یہ بولیاں (چار بولیاں) اردو کا 'اصل منبع و سرچشمہ' ہیں اور 'حضرتِ دہلی' اس کا صحیح 'مولد و منشا' "۔
یہ قول کس کا ہے؟
(1) ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور
(2) جارج گریرسن
(3) پروفیسر مسعود حسین خاں
(4) مولوی عبدالحق
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

2. دہلی میں غزل کے ابتدائی دور کے شعراء میں شامل ہیں
(1) آبروؔ، آرزوؔ
(2) اقبالؔ، جوشؔ
(3) غالبؔ، مومنؔ
(4) دردؔ، سوزؔ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

3. تدوینی تحقیق کیا ہوتی ہے؟
(1) کسی خاص عہد یا واقعے سے متعلق حقائق دریافت کرنا۔
(2) کسی خاص شخص کی سوانح مستند حوالوں کے ساتھ قلم بند کرنا۔
(3) کسی شعری یا نثری تصنیف کو تدوین کے اصولوں کے مطابق مرتب کرنا۔
(4) کسی خاص صنف کے آغاز و ارتقا سے بحث کرنا۔
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

4. مثنوی "سحر البیان" کس کے عہدِ حکومت میں لکھی گئی؟
(1) آصف الدولہ
(2) شجاع الدولہ
(3) واجد علی شاہ
(4) نظام الدولہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

5. مصنفین کے اعتبار سے تذکروں کے نام جوڑیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | نکات الشعرا | (i) | قائم |
| (B) | مخزن نکات | (ii) | میر تقی میرؔ |
| (C) | مجموعۂ نغز | (iii) | شیفتہ |
| (D) | گلشن بے خار | (iv) | حکیم قدرت اللہ قاسم |

صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (1) | (ii) A | (i) B | (iv) C | (iii) D |
| (2) | (ii) A | (iv) B | (iii) C | (i) D |
| (3) | (ii) A | (iv) B | (i) C | (iii) D |
| (4) | (ii) A | (iii) B | (iv) C | (i) D |

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

6. "چندا" اور "لورک" کس مثنوی کے کردار ہیں؟
(1) پھول بن
(2) میناست ونتی
(3) طوطی نامہ
(4) کدم راؤ پدم راؤ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

7. ایہام گوئی کی مخالفت کس شاعر نے کی؟

(1) غالبؔ (2) داغؔ

(3) حاتمؔ (4) مومنؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

8. ابن نشاطی نے ''پھول بن'' کتنے عرصے میں مکمل کی؟

(1) تین ماہ (2) چار ماہ

(3) پانچ ماہ (4) نو ماہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

9. ''گلزارِ نسیم'' پہلی بار کہاں سے شائع ہوئی؟

(1) دلّی سے (2) لکھنؤ سے

(3) آگرہ سے (4) بنارس سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

10. 'بابائے اردو' کس کو کہا جاتا ہے؟

(1) سر سید احمد خاں (2) حالیؔ

(3) مولوی عبدالحق (4) وحیدالدین سلیم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

11. ''اردو دکن میں پیدا ہوئی۔'' یہ کس کا نظریہ ہے؟

(1) مولوی عبدالحق

(2) مُلّا وجہی

(3) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز

(4) نصیرالدین ہاشمی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

12. کتاب ''اردو میں قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ'' کے مصنف کون ہیں؟

(1) محمود الٰہی (2) ابو محمد سحر

(3) گیان چند جین (4) سہیل بخاری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

13. تصنیف ''نو سر ہار'' کس کی طرف منسوب ہے؟

(1) میراں جی شمس العشاق

(2) سید اشرف بیابانی

(3) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز

(4) شاہ برہان الدین جانم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

14. غزالاں تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی
دوانہ مر گیا آخر کو ویرانے پر کیا گزری

مندرجہ بالا شعر کے خالق ہیں:

(1) غلام رسول مہرؔ

(2) عزیزؔ لکھنوی

(3) غالبؔ

(4) راجہ رام نرائن موزوںؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

15. ''دکنی کی ابتدا'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) ڈاکٹر آمنہ خاتون (2) عبدالقادر سروری

(3) گوپی چند نارنگ (4) عبدالستار دلوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

16. "اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے"۔ اردو کی ابتدا کے بارے میں یہ نظریہ کس نے پیش کیا ہے؟

(1) ڈاکٹر سہیل بخاری

(2) ڈاکٹر شوکت سبزواری

(3) محمد حسین آزاد

(4) مولانا الطاف حسین حالی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

17. ذوق کو "خاقانیٔ ہند" کا خطاب کس بادشاہ نے دیا؟

(1) اکبر شاہ ثانی

(2) بہادر شاہ ظفر

(3) محمد شاہ رنگیلا

(4) آصف الدولہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

18. یہ بات کس نے ثابت کی کہ "معراج العاشقین" کے مصنف خواجہ بندہ نواز گیسودراز نہیں بلکہ سید میراں لقب خدانما ہیں؟

(1) ڈاکٹر حفیظ قتیل

(2) شیخ چاند

(3) پروفیسر عبدالقادر سروری

(4) ڈاکٹر سیدہ جعفر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

19. دبیر کا پورا نام کیا ہے؟

(1) مرزا حیدر علی

(2) مرزا سلامت علی

(3) مرزا کرامت علی

(4) مرزا عاشق علی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

20. سرسید کی مشہور تصنیف "آثار الصنادید" کب شائع ہوئی؟

(1) 1841ء

(2) 1845ء

(3) 1847ء

(4) 1849ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

21. شاہ امین الدین اعلیٰ کی تصانیف کے سلسلے میں کون سا زمرہ صحیح ہے؟

(i) نظم وجودیہ

(ii) خوش نامہ

(iii) شہادت التحقیق

(iv) رموز السالکین

صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے:

(1) ii, i

(2) iii, ii

(3) iv, iii

(4) iv, i

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

30073

.22 تشبیب یا نسیب کس صنفِ سخن کے ابتدائی اشعار کو کہا جاتا ہے؟
(1) مرثیہ
(2) مثنوی
(3) قصیدہ
(4) غزل
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.23 خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کا اصل نام کیا ہے؟
(1) سید محمد حسینی
(2) محمد حسن
(3) سید شہباز حسینی
(4) سید حسین احمد شاہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.24 "اردو کھڑی بولی سے بنی۔" اس نظریے سے متعلق کون سا زمرہ صحیح ہے؟
(1) ڈاکٹر شوکت سبزواری، ڈاکٹر سہیل بخاری، گوپی چند نارنگ
(2) ڈاکٹر شوکت سبزواری، ڈاکٹر سہیل بخاری، پروفیسر گیان چند جین
(3) محمد حسین آزاد، ڈاکٹر سہیل بخاری، پروفیسر گیان چند جین
(4) ڈاکٹر شوکت سبزواری، ڈاکٹر سہیل بخاری، امام بخش صہبائی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.25 ادارۂ ادبیات اردو حیدر آباد کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟
(1) 1910ء، مولوی عبدالحق
(2) 1920ء، نصیر الدین ہاشمی
(3) 1925ء، ڈاکٹر آمنہ خاتون
(4) 1931ء، ڈاکٹر محی الدین قادری زور
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.26 محمود شیرانی کا وطن ہے
(1) جے پور
(2) اجمیر
(3) ٹونک
(4) جودھ پور
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.27 مندرجہ ذیل شعراء میں کونسا شاعر ریختی کا شاعر ہے؟
(1) ہاشمی (2) نصرتی
(3) مومن (4) غالب
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.28 ذوق کے انتقال کے بعد بہادر شاہ ظفر نے اپنا استاد کس شاعر کو بنایا؟
(1) غالب (2) مومن
(3) میر (4) ناسخ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

29. ایہام گوئی کا انداز اختیار کرنے والے اہم شعرا ہیں:

(1) بیدؔل، میر جعفر زٹلی، آنند رام مخلص

(2) آبروؔ، مضموؔن، شاکر ناجیؔ

(3) میرؔ، دردؔ، سوزؔ

(4) مرزا مظہر جانِ جاناں، سوداؔ، غالبؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

30. ذیل میں سے کون ماہر غالبیات نہیں ہے؟

(1) قاضی عبدالودود

(2) امتیاز علی عرشی

(3) محمود شیرانی

(4) مالک رام

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

31. گریرسن کے مطابق مغربی ہندی کس سے ماخوذ ہے؟

(1) پشاچی اپ بھرنش سے

(2) ماگدھی اپ بھرنش سے

(3) اردو ماگدھی اپ بھرنش سے

(4) شورسینی اپ بھرنش سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

32. اردو کی قدیم ترین مثنوی ہے:

(1) خوش نامہ (2) خوش نغز

(3) کدم راؤ پدم راؤ (4) لازم المبتدی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

33. شاہ برہان الدین جانم کا میراں جی شمس العشاق سے کیا تعلق تھا؟

(1) برہان الدین جانم، میراں جی شمس العشاق کے بیٹے تھے۔

(2) جانم، میراں جی کے والد تھے۔

(3) جانم اور میراں جی آپس میں بھائی تھے۔

(4) جانم، میراں جی کے پوتے تھے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

34. دبستانِ دہلی کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(1) مبالغہ آمیز تشبیہات واستعارات کا استعمال

(2) نشاطیہ عنصر کا غلبہ

(3) حسن وعشق کے خارجی معاملات پر زور

(4) حسن وعشق کی داخلی واردات کا بیان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

35. کس شاعر نے اردو مرثیے کو احتجاجی شعور سے روشناس کیا؟

(1) غالبؔ

(2) جوشؔ

(3) حالیؔ

(4) اقبالؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773
300773
300773

**36.** گریرسن نے جس مغربی ہندی کا تصور پیش کیا وہ کن موجودہ علاقوں تک محدود تھی؟

(1) ہریانہ اور جنوب مغربی یوپی

(2) ہریانہ اور مشرقی یوپی

(3) پنجاب اور جنوب مغربی یوپی

(4) ہریانہ اور راجستھان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**37.** "اردو مثنوی کا ارتقاء" کے مصنف ہیں:

(1) گیان چند جین

(2) گوپی چند نارنگ

(3) فرمان فتحپوری

(4) عبدالقادر سروری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**38.** دکن میں بہمنی سلطنت کی بنیاد کب پڑی؟

(1) 1327ء (2) 1337ء

(3) 1350ء (4) 1347ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**39.** نورالحسن ہاشمی کی مشہور تصنیف ہے:

(1) دلی کا دبستانِ شاعری

(2) لکھنو کا دبستانِ شاعری

(3) مقدمہ تاریخ زبان اردو

(4) متنی تنقید

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**40.** "تحقیق کا فن" کے مصنف ہیں:

(1) رشید حسن خان

(2) عبدالستار دلوی

(3) خلیق انجم

(4) پروفیسر گیان چند جین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**41.** گریرسن کے مطابق مغربی ہندی سے وجود میں آنے والی بولیاں کتنی ہیں؟

(1) دو (2) تین

(3) پانچ (4) چار

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**42.** مائی محل بنایا تونے، مائی محل بنایا
ہاتھ میں پیالہ اٹھایا تونے، مائی محل بنایا
مندرجہ بالا گیت کس کا ہے؟

(1) میراجی (2) ن۔م۔راشد

(3) سردار جعفری (4) اختر شیرانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**43.** حاتم نے ایہام گوئی سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے اپنے کلام کا ایک انتخاب تیار کیا۔ اس کا نام تھا:

(1) دیوان زادہ (2) دیوان حاتم

(3) کلام حاتم (4) مجموعۂ حاتم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

44. دہلی سے لکھنؤ ہجرت کرنے والے شاعر ہیں:

(1) سوداؔ، میر تقی میرؔ، میر حسنؔ

(2) آتشؔ، ناسخؔ، شوقؔ

(3) دیا شنکر نسیمؔ، انیسؔ، دبیرؔ

(4) رشک، بحر، رند

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

45. "رجب علی بیگ سرور—چند تحقیقی مباحث" کے مصنف کون ہیں؟

(1) عبدالقوی دسنوی

(2) غلام رسول مہر

(3) حنیف نقوی

(4) خلیق انجم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

46. کتاب "نورس" کے شاعر ہیں:

(1) قلی قطب شاہ

(2) علی عادل شاہ شاہی

(3) ابراہیم عادل شاہ ثانی

(4) برہان الدین جانم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

47. دوہے کے پہلے حصے کو کیا کہتے ہیں؟

(1) سم (2) یاد

(3) چرن (4) وشم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

48. "کلیاتِ شاہی" کس کے کلام کا مجموعہ ہے؟

(1) علی عادل شاہ ثانی

(2) ابراہیم عادل شاہ ثانی

(3) اشرف بیابانی

(4) فخر الدین نظامی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

49. مصحفی کا پورا نام کیا ہے؟

(1) شیخ یحیٰ امان

(2) شیخ غلام ہمدانی

(3) انعام اللہ خاں

(4) سعادت یار خاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

50. مغربی ہند کی 'او' آواز پر ختم ہونے والی بولیاں ہیں:

(1) کھڑی بولی، قنوجی

(2) برج بھاشا، بندیلی، قنوجی

(3) برج بھاشا، ہریانی

(4) بندیلی، ہریانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

51. مغربی ہند کی 'ا' آواز پر ختم ہونے والی بولیاں ہیں:

(1) کھڑی بولی، ہریانی

(2) برج بھاشا، بندیلی

(3) قنوجی، کھڑی بولی

(4) بندیلی، ہریانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

52. 1857 کی ناکام جنگ آزادی کے وقت ٹونک کے حکمراں تھے

(1) امیر الدولہ

(2) ابراہیم علی خاں

(3) وزیر الدولہ

(4) اسمٰعیل علی خاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

53. دکنی ادب کے اہم تنقید نگاروں کے لحاظ سے کون سا زمرہ صحیح ہے؟

(1) سید جعفر، عبدال قادر سروری، سید احتشام حسین

(2) نصیر الدین ہاشمی، سیّدہ جعفر، آل احمد سرور

(3) ڈاکٹر محی الدین قادری زور، نصیر الدین ہاشمی، پروفیسر سیّدہ جعفر

(4) ڈاکٹر محی الدین قادری زور، عبدالقادر سروری، سید محمد عقیل رضوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

54. میر کے اردو دواوین کی تعداد کتنی ہے؟

(1) تین

(2) چار

(3) پانچ

(4) چھے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

55. تقابلی تنقید سے متعلق شبلی کی تصنیف ہے

(1) الفاروق

(2) المامون

(3) شعر العجم

(4) موازنۂ انیس و دبیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

56. عادل شاہی دور کی عشقیہ مثنوی "چندر بن و سہیار" کس نے لکھی؟

(1) صنعتی

(2) مقیمی

(3) رستمی

(4) ملک خوشنود

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

57. "پگھلا نیلم" نثری نظموں پر مبنی کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(1) سجاد ظہیر

(2) ن۔م۔راشد

(3) میراجی

(4) اخترالایمان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

58. ابن نشاطی کی مشہور مثنوی "پھول بن" کس فارسی قصے پر مبنی ہے؟

(1) ہشت بہشت

(2) گلستانِ سعدی

(3) بوستانِ سعدی

(4) بساتین الانس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

59. "Linguistic Survey of India" کے مصنف کون ہیں؟

(1) سنیتی کمار چٹرجی

(2) ڈاکٹر گیان چند جین

(3) گریرسن

(4) پروفیسر گوپی چند نارنگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

60. نمائندہ ترقی پسند نقادوں کے لحاظ سے کون سا زمرہ صحیح ہے؟

(1) مجنوں گورکھپوری، احتشام حسین، قمر رئیس

(2) گوپی چند نارنگ، وزیر آغا، وارث علوی

(3) کلیم الدین احمد، اختر حسین رائے پوری، شمیم حنفی

(4) محمد حسن، سجاد ظہیر، شمیم حنفی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

61. عربی رسم خط کا اندازِ تحریر اور طرزِ کتابت کیا کہلاتا ہے؟

(1) نستعلیق

(2) نسخ

(3) ریختہ

(4) دیوناگری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

62. Blank Verse کہتے ہیں

(1) آزاد نظم

(2) نثری نظم

(3) معریٰ نظم

(4) پابند نظم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

63. میر کی تصنیف "ذکرِ میر" ہے:

(1) خودنوشت (2) ناول

(3) ڈرامہ (4) افسانہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

64. سارے عالم پر ہوں میں چھایا ہوا

مستند ہے میرا فرمایا ہوا

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) ولی دکنی
(2) میر درد
(3) میر تقی میر
(4) مرزا غالب
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

65. آل احمد سرور کی تنقیدی تصانیف کے لحاظ سے کون سا زمرہ صحیح ہے؟

(1) نئے اور پرانے چراغ، ادب اور انقلاب، نقدِ حیات
(2) تنقید کیا ہے، تنقیدی اشارے، مسرت سے بصیرت تک
(3) دانشور اقبال، نئے گوشے، نئی قدریں
(4) نظر اور نظریے، نقدِ حیات، نیا افسانہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

66. دکنی اردو میں 'نکو' کا استعمال کس بولی کے اثر سے شروع ہوا؟

(1) مرہٹی
(2) تلگو (تلنگی)
(3) گجری
(4) کھڑی بولی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

67. غزل کے بارے میں کون سا قول درست ہے؟

(1) غزل کا ماخذ عربی قصیدہ ہے۔
(2) اردو غزل گوئی کی ابتدا ولی سے ہوئی ہے۔
(3) غزل میں ردیف کا ہونا لازمی ہے۔
(4) غزل میں صرف عشقیہ مضامین ہی بیان کیے جاتے ہیں۔
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

68. دکنی اردو میں سکیاں (بجائے سکھیاں) اور دود (بجائے دودھ) مستعمل ہے۔ اس میں ذیل میں سے کون سا اصول کار فرما ہے؟

(1) بلا ضرورت ہکاریت پیدا کر دی گئی ہے۔
(2) ہکاری آواز میں 'ھ' کو حذف کر دیا گیا ہے۔
(3) ہکاریت تقلیب کی صورت میں ظاہر ہوئی ہے۔
(4) آوازوں کو مشدد کر دیا گیا ہے۔
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

69. اردو کا موجودہ طرزِ تحریر اور اندازِ کتابت کیا کہلاتا ہے؟

(1) خطِ نسخ
(2) خطِ شکستہ
(3) خطِ نستعلیق
(4) خطِ ثلث
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

70. دورِ حاضر کا وہ تنقید نگار کون ہے جس نے تنقید لکھنے کے ساتھ ساتھ شاعری میں طبع آزمائی کی اور ناول بھی لکھا؟

(1) وہاب اشرفی

(2) حامدی کاشمیری

(3) شمس الرحمان فاروقی

(4) عتیق اللہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

71. "ژ" کیا ہے؟

(1) خالص ترکی آواز

(2) خالص سنسکرت آواز

(3) خالص عربی آواز

(4) خالص فارسی آواز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

72. صوفیانہ شاعری میں کس کو ممتاز مقام حاصل ہے؟

(1) میر تقی میرؔ

(2) دردؔ

(3) میر سوزؔ

(4) یقین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

73. دکنی اردو میں ٹکڑا (بجائے ٹکڑا)، تاٹ (بجائے ٹاٹ) مستعمل ہے۔ ان الفاظ میں کون سا اصول لاگو ہوتا ہے؟

(1) تقلیبِ اصوات

(2) طویل مصوتے کو مختصر مصوتے میں بدلنا۔

(3) مختصر مصوتے کی جگہ طویل مصوتے استعمال کرنا۔

(4) دو معکوسی آوازوں میں سے پہلی معکوسی آواز کو غیر معکوسی آواز میں بدلنا۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

74. ؎ وائے نادانی کہ وقتِ مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا، جو سنا افسانہ تھا

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) سراج الدین علی خاں آرزو

(2) حاتم

(3) میر سوزؔ

(4) میر دردؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

75. نثری نظم اردو میں کہاں سے آئی؟

(1) عراق سے

(2) مغرب سے

(3) ایران سے

(4) عرب سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

76. ہندوستان میں آریوں کی آمد کے بعد سب سے پہلے کس زبان کے نمونے ملتے ہیں؟

(1) کلاسکی سنسکرت

(2) ویدک سنسکرت

(3) پراکرت

(4) پالی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

77. "غزل اور قصیدے کے مقابلے میں مثنوی میں زیادہ وسعت اور تنوع کی گنجائش ہے۔ مثنوی میں رزمیہ شاعری ہو سکتی ہے اور نئے نئے افسانوں کی ایجاد ہو سکتی ہے۔ دنیا کے گوناگوں بدلنے والے مناظر کی جیتی جاگتی تصویر کھینچی جاسکتی ہیں اور زندگی کے مختلف نفسی کوائف کا بیان ہو سکتا ہے۔"

مثنوی کے بارے میں ان خیالات کا اظہار کس تنقید نگار نے کیا ہے؟

(1) حالی

(2) کلیم الدین احمد

(3) علامہ شبلی

(4) شمس الرحمان فاروقی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

78. دکنی اردو میں بات کی جمع باتاں اور بلبل کی جمع بلبلاں کس قاعدے سے بنائی گئی ہے؟

(1) معتوں پر ختم ہونے والے الفاظ کی جمع "اں" کے اضافے سے۔

(2) ہائے مختفی پر ختم ہونے والے الفاظ کی جمع "یاں" لگا کر۔

(3) 'وں' کے اضافے کے ساتھ۔

(4) عربی جمع کا استعمال کر کے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

79. ناسخ کا پورا نام کیا تھا؟

(1) شیخ مولی بخش

(2) شیخ حیدر علی

(3) شیخ انعام بخش

(4) شیخ امام بخش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

80. قصیدے کے اجزا کی ترتیب کے لحاظ سے کون سا زمرہ درست ہے؟

(1) تشبیب، گریز، مدح، حسن طلب، دعا

(2) تشبیب، مدح، گریز، حسن طلب، دعا

(3) گریز، مدح، تشبیب، حسن طلب، دعا

(4) تشبیب، گریز، حسن طلب، مدح، دعا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773
300773
300773

81. پراکرت کا پہلا ادبی روپ ہے:

(1) سنسکرت

(2) اپ بھرنش

(3) شورسینی

(4) پالی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

82. جس قصیدے میں کسی کی مذمت، برائی کی گئی ہو وہ کہلاتا ہے

(1) فخریہ

(2) مدحیہ

(3) وعظیہ

(4) ہجویہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

83. شاعری کی وہ صنف جس میں نغمہ وصوت کے آمیزے سے نسوانیت کی تصویر کشی کی جاتی ہے، کیا کہلاتی ہے؟

(1) دوہا

(2) رباعی

(3) پیروڈی

(4) گیت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

84. کس شاعر کا موروثی پیشہ طب تھا؟

(1) مومن

(2) غالب

(3) انیس

(4) محسن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

85. شفق بن کر ابھی تو آسمان نو پر یہ چھائے گا
ابھی تو دیکھنا خونِ شہیداں رنگ لائے گا
اس شعر کے خالق کون ہیں؟

(1) شفق ٹونکی

(2) بسمل سعیدی

(3) بسمل بھرت پوری

(4) شفیق جالاواڑی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

86. محمد قلی قطب شاہ نے کس صنف سخن پر خصوصی توجہ کی؟

(1) مثنوی

(2) غزل

(3) قصیدہ

(4) مرثیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

87. مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(1) عربی (2) فارسی

(3) عبرانی (4) ترکی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

88. نصرتی کو کس بادشاہ نے ملک الشعرا کا خطاب عطا کیا تھا؟

(1) علی عادل شاہ ثانی

(2) ابراہیم عادل شاہ ثانی

(3) قلی قطب شاہ

(4) عبداللہ قطب شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

89. سوداؔ کا مشہور قصیدہ "تضحیک روزگار" ہے:

(1) نعتیہ قصیدہ

(2) مدحیہ قصیدہ

(3) ہجویہ قصیدہ

(4) وعظیہ قصیدہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

90. "اردو زبان ولسانیات" کے مصنف کون ہیں؟

(1) گیان چند جین

(2) گوپی چند نارنگ

(3) سہیل بخاری

(4) شوکت سبزواری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

91. "دستِ تہہ سنگ" کے خالق کون ہیں؟

(1) صفی لکھنوی (2) اختر الایمان

(3) فیض (4) احسان دانش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

92. مرثیے کے اجزائے ترکیبی کس شاعر نے متعین کیے؟

(1) میر حسن (2) میر انیس

(3) مرزا دبیر (4) میر ضمیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

93. مثنوی "علی نامہ" (نصرتی) کس طرح کی مثنوی ہے؟

(1) عشقیہ (2) تصوفانہ

(3) رزمیہ (4) بزمیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

94. "کاشف الحقایق" کس کی تصنیف ہے؟

(1) شبلی نعمانی (2) عبدالحق

(3) امتیاز علی عرشی (4) امداد امام اثر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

95. تشبیہ کے کتنے اجزا ہیں؟

(1) تین (2) دو

(3) ایک (4) پانچ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

96. محمد بن تغلق نے اپنا دارالخلافہ دہلی سے کہاں منتقل کیا؟

(1) آگرہ

(2) حیدرآباد

(3) گجرات

(4) دیوگری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

97. لفظ 'مثنوی' عربی زبان کے کس لفظ سے مشتق ہے؟

(1) ثنا (2) ثنو

(3) اِثنا (4) ثنّٰی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

98. ؎ خرامِ ناز سے او بت نہ آنا میرے مرقد پر
تری ٹھوکر میں ہے اندازِ اعجازِ مسیحائی

اس شعر میں ہے:

(1) تشبیہ

(2) استعارہ

(3) مجازِ مرسل

(4) کنایہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

99. کس قصیدہ گو شاعر نے ایامِ اسیری کے حالات کو تفصیل سے اپنے قصیدوں میں بیان کیا ہے؟

(1) امیر مینائی

(2) منیر شکوہ آبادی

(3) محسن کاکوروی

(4) ذوق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

100. میکش کو ہوس ایاغ کی ہے
پروانے کو لو چراغ کی ہے

اس شعر میں صنعتِ ایہام ہے۔ اس میں کس لفظ کے دو معنٰی ہیں؟

(1) ہوس

(2) ایاغ

(3) لو

(4) چراغ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

101. ملّا وجہی کی مثنوی ''قطب مشتری'' کا موضوع ہے:

(1) قلی قطب شاہ اور مشتری کی داستانِ معاشقہ

(2) قلی قطب شاہ کے جنگی کارنامے

(3) قلی قطب شاہ کے خاندانی حالات

(4) قلی قطب شاہ کی شاعرانہ عظمت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

102. ذیل میں درج مثنوی نگاروں کے تخلص ان کے نام سے جوڑیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | وجہی | (i) | کمال خان |
| (B) | نظامی | (ii) | شیخ حسن |
| (C) | رستمی | (iii) | فخر الدین |
| (D) | شوقی | (iv) | اسد اللہ |

درست جوڑ کی نشان دہی کیجیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (1) | A (iv) | B (iii) | C (i) | D (ii) |
| (2) | A (iv) | B (ii) | C (iii) | D (i) |
| (3) | A (iv) | B (iii) | C (ii) | D (i) |
| (4) | A (iv) | B (i) | C (iii) | D (ii) |

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

103. ملا وجہی نے اپنی نثری تصنیف "سب رس" کس بادشاہ کی فرمائش پر لکھی؟

(1) علی عادل شاہ

(2) ابراہیم عادل شاہ

(3) عبداللہ قطب شاہ

(4) محمد قلی قطب شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

104. معیاری بولی کسے کہتے ہیں؟

(1) پڑھے لکھے لوگوں کی بول چال کی زبان

(2) کم پڑھے لکھوں کی بول چال کی زبان

(3) دیہاتی علاقوں میں بولی جانے والی زبان

(4) ماہر لسانیات کی زبان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

105. تجاہل عارفانہ کسے کہتے ہیں؟

(1) کلام میں کسی بات پر تعجب ظاہر کرنا۔

(2) کسی چیز کے بارے میں واقفیت کے باوجود بے خبری ظاہر کرنا۔

(3) کسی کی تعریف یا مذمت کرنا۔

(4) ایسی بات کا دعویٰ کرنا جو خلاف قیاس اور غیر ممکن ہو۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

106. لہندا کا تعلق ہے

(1) شمال مغرب سے

(2) مغربی پنجابی سے

(3) سندھی سے

(4) مراٹھی سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

107. میر حسن کی مثنوی "سحر البیان" میں "ماہ رخ" کون ہے؟

(1) شہزادی

(2) پری

(3) وزیر زادی

(4) جوگن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

108. مثنوی "سیف الملوک و بدیع الجمال" کس شاعر کی تصنیف ہے؟

(1) ملا وجہی

(2) غواصی

(3) ابن نشاطی

(4) بہاء الدین باجن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

109. کس نقاد نے مرزا شوق کی مثنوی "زہرِ عشق" کو ایک اہم ادب کا زمانہ قرار دیا ہے؟

(1) سجاد ظہیر (2) حالی

(3) شبلی (4) مجنوں گورکھپوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

110. ذیل میں درج بند کو پڑھیے:

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
رن ایک طرف چرخِ کہن کانپ رہا ہے
رستم کا بدن زیرِ کفن کانپ رہا ہے
ہر قصرِ سلاطینِ زمن کانپ رہا ہے
شمشیر بہ کف دیکھ کے حیدر کے پسر کو
جبریل لرزتے ہیں سمیٹے ہوئے پر کو

یہ بند مرثیے کے کس جزء سے ماخوذ ہے؟

(1) سراپا (2) رجز

(3) آمد (4) رخصت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

111. وسطی ہند آریائی کا دور ہے

(1) 500 ق م تا 1000ء

(2) 800 ق م تا 1000ء

(3) 700 ق م تا 1000ء

(4) 200 ق م تا 1000ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

112. مثنویاں لکھنے کے لیے عموماً کتنی بحریں استعمال کی جاتی ہیں؟

(1) سات

(2) آٹھ

(3) نو

(4) دس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

113. اے بخت تو جاگ اور جگا ہم کو کہ پھر ہم
جاگیں گے نہ تا حشر جگائے سے کسو کے

اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) ایہام

(2) تضاد

(3) اشتقاق

(4) تلمیح

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

114. انجمن پنجاب لاہور کا قیام کب عمل میں آیا؟

(1) 20 دسمبر 1864ء

(2) 21 جنوری 1865ء

(3) 21 اپریل 1867ء

(4) 30 مئی 1874ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

115. کلام یا شعر کے دو اجزا میں تقدیم و تاخیر کرنا، اجزا یا الفاظ کو آگے پیچھے کرنا کیا کہلاتا ہے؟

(1) طباق

(2) تجنیس

(3) عکس

(4) تضاد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

116. معرّیٰ نظم کو پہلے کس نام سے جانا جاتا تھا؟

(1) پابند نظم (2) آزاد نظم

(3) نثری نظم (4) نظمِ غیر مقفّیٰ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

117. غواصی کو کس بادشاہ نے ملک الشعرا کا خطاب عطا کیا؟

(1) ابراہیم قطب شاہ

(2) محمد قطب شاہ

(3) محمد قلی قطب شاہ

(4) عبداللہ قطب شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

118. حالیؔ نے اپنی نظم ''مناظرۂ رحم و انصاف'' انجمن پنجاب کے کون سے مشاعرے میں پڑھی؟

(1) تیسرا مشاعرہ، منعقدہ 3 اگست 1774ء

(2) چوتھا مشاعرہ، منعقدہ یکم ستمبر 1874ء

(3) چھٹا مشاعرہ، منعقدہ 14 نومبر 1874ء

(4) ساتواں مشاعرہ، منعقدہ 19 دسمبر 1874ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

119. ؎ چھپتی تھیں، بھاگی جاتی تھیں، گرتے تھے خاک پر
قبضوں سے تیغیں، جسم سے روحیں، تنوں سے سر

اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) تنسیق الصفات

(2) سیاقۃ الاعداد

(3) لف و نشر مرتب

(4) لف و نشر غیر مرتب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

120. اردو زبان میں خالص عربی و فارسی آوازوں کی تعداد کتنی ہے؟

(1) 7 (2) 6

(3) 9 (4) 5

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

121. ولیؔ دکنی کس سن میں دہلی آئے؟

(1) 1700ء (2) 1708ء

(3) 1710ء (4) 1712ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

300773

122. مرگِ انبوہ کس کی نظم ہے؟

(1) دین محمد ناثر

(2) میراجی

(3) ن۔م۔ راشد

(4) نظم طباطبائی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

123. دکن کا وہ کونسا شاعر ہے جس نے صرف مرثیہ گوئی پر ہی توجہ کی؟

(1) مرزا بیجاپوری

(2) قلی قطب شاہ

(3) برہان الدین جانم

(4) نصرتی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

124. ''اگر مسلمان ہندوستان میں نہ آتے تو جدید ہند آریائی زبانوں کے ادبی آغاز وارتقا میں دو ایک صدی کی ضرور تاخیر ہو جاتی۔'' یہ کس کا خیال ہے؟

(1) ژول بلاک

(2) سنیتی کمار چٹرجی

(3) پریم چند

(4) قاضی عبدالودود

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

125. اردو تنقید کے اولین نمونے کہاں ملتے ہیں؟

(1) قصیدے میں

(2) تذکروں میں

(3) نظموں میں

(4) شاعری میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

126. حافظ محمود خاں شیرانی نے اردو کی ابتدا کے بارے میں کون سا نظریہ پیش کیا ہے؟

(1) اردو سرزمین پنجاب میں پیدا ہوئی۔

(2) اردو سندھ میں پیدا ہوئی۔

(3) اردو دکن میں پیدا ہوئی۔

(4) اردو راجستھان میں پیدا ہوئی۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

127. خواجہ میر دردؔ کے والد کا نام کیا ہے؟

(1) محمد بخش

(2) نور محمد

(3) محمد شفیق

(4) خواجہ محمد ناصر عندلیب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

128. ہاشمی کی سب سے ضخیم مثنوی کون سی ہے؟

(1) یوسف زلیخا

(2) خاور نامہ

(3) معراج نامہ

(4) گلشن عشق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

129. عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا
درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہو جانا
مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) غالبؔ (2) مومنؔ

(3) آتشؔ (4) ناسخؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

130. موازنۂ انیسؔ و دبیرؔ کس کی تصنیف ہے؟

(1) آزادؔ (2) حالیؔ

(3) شبلیؔ (4) نذیر احمد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

131. نظم "حالاتِ جہاں دیکھ" (۱۹۴۵ء) کے خالق کون ہیں؟

(1) صائب ٹونکی

(2) طالب جے پوری

(3) سید نظیر حسین سخا

(4) شفق ٹونکی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

132. "یادیں" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(1) ن۔م۔راشد (2) میراجی

(3) تصدق حسین خالد (4) اختر الایمان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

133. مت غصّہ کے شعلہ سوں جلتے کوں جلاتی جا
ٹک مہر کے پانی سوں یہ آگ بجھاتی جا
مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) سراجؔ اورنگ آبادی

(2) ولیؔ دکنی

(3) شاہ قاسم

(4) قلی قطب شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

134. "خدائے سخن" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

(1) دردؔ (2) غالبؔ

(3) میرؔ (4) آتشؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

135. سید سلیمان ندوی نے اپنی کس تصنیف میں اردو کی جائے پیدائش سندھ کو قرار دیا ہے؟

(1) اردو زبان کی تاریخ

(2) اردو ادب کی تنقیدی تاریخ

(3) اردو کی لسانی تشکیل

(4) نقوشِ سلیمانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

136. حافظ محمود خاں شیرانی کی مشہور تحقیقی تصنیف کا نام ہے:

(1) مقدمہ شعر و شاعری

(2) آبِ حیات

(3) پنجاب میں اردو

(4) متنی تنقید

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

137. "سرودِ نو" (مطبوعہ ۱۹۴۸ء) کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(1) تصدق حسین خالد

(2) ن۔م۔راشد

(3) میراجی

(4) عظمت اللہ خاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

138. مندرجہ ذیل میں سراج اورنگ آبادی کی مثنوی ہے:

(1) خاور نامہ
(2) قطب مشتری

(3) بوستانِ خیال
(4) گلشن عشق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

139. "چہار مقالہ" کے خالق کون ہیں؟

(1) نظامی عروضی

(2) شمس قیس رازی

(3) کیکاؤس

(4) وطواط

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

140. "افاداتِ مہدی" کس کی تخلیق ہے؟

(1) احتشام حسین
(2) آل احمد سرور

(3) مہدی افادی
(4) گوپی چند نارنگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

141. پروفیسر مسعود حسین خان نے اردو کی ابتدا کے سلسلے میں نواحِ دہلی کی بولیوں کی اہمیت پر زور دیا ہے۔

ان بولیوں کے سلسلے میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا زمرہ صحیح ہے؟

(1) ہریانی، کھڑی بولی، بندیلی، میواتی

(2) ہریانی، کھڑی بولی، برج، میواتی

(3) برج، ہریانی، کھڑی بولی، قنوجی

(4) برج، ہریانی، کھڑی بولی، اودھی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

142. ن۔م۔راشد کے شعری مجموعے کا کیا نام ہے؟

(1) اجنتا کے غار
(2) قندیل

(3) ماورا
(4) منزلِ شب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

143. نجم الدولہ دبیر الملک کس شاعر کا خطاب ہے؟

(1) مومن
(2) غالب

(3) ناسخ
(4) آتش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

30073 30073 30073

144. "دیوانِ غالب" کو ہندوستان کی الہامی کتاب کس نے قرار دیا ہے؟

(1) عبدالرحمٰن بجنوری

(2) عبدالسلام ندوی

(3) مولوی عبدالحق

(4) مالک رام

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

145. اردو تنقید کی پہلی باضابطہ کتاب کونسی ہے؟

(1) تاریخ زبان اردو

(2) مقدمۂ شعر و شاعری

(3) ادبی تنقید

(4) پنجاب میں اردو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

146. "جگت گرو" کے نام سے بیجاپور کا کون سا شاعر مشہور ہوا؟

(1) علی عادل شاہ اوّل

(2) ابراہیم عادل شاہ ثانی

(3) سکندر عادل شاہ

(4) اسمٰعیل عادل شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

147. سانیٹ میں مصرعوں کی کل تعداد کتنی ہوتی ہے؟

(1) آٹھ (2) دس

(3) بارہ (4) چودہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

148. قطب مشتری کا سنِ تصنیف کیا ہے؟

(1) 1615ء (2) 1609ء

(3) 1605ء (4) 1606ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

149. میر ببر علی انیس نے انیس تخلص کس کے کہنے پر اختیار کیا؟

(1) خلیق (2) ضمیر

(3) میر حسن (4) ناسخ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

150. پروفیسر مسعود حسین خاں کی تصنیف "مقدمۂ تاریخ زبان اردو" کا سنِ تصنیف کیا ہے؟

(1) 1928ء (2) 1938ء

(3) 1942ء (4) 1948ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

रफ कार्य के लिए स्थान / SPACE FOR ROUGH WORK

300773
300773
300773